پریس ریلیز

گوجرانوالہ 25 جون 2024ء

شہر کی تعمیر وترقی اور بزنس کمیونٹی کے مسائل کو حل کرنے کیلئے گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس میں مشاورتی اجلاس منعقد ہوا جس میں ڈی سی گوجرانوالہ محمد طارق قریشی نے شرکت کی۔ مشاورتی اجلاس کی صدارت چیمبر کے صدر ضیاء الحق (شیخ فیصل ایوب) نے کی۔ جبکہ اجلاس میں نائب صدر عادل ندیم، سابق صدور اخلاق احمد بٹ، ملک ظہیر الحق، خواجہ ضرار کلیم، نعمان صلاح الدین، سابق سینئر نائب صدور عرفان سہیل، محمد اجمل اعوان، سابق نائب صدور عرفان یعقوب بٹ، شیخ قیصر امین جموں والے، چوہدری انیس، شیخ نعیم کے علاوہ دیگر کاروباری شخصیات موجود تھیں۔

ڈی سی گوجرانوالہ محمد طارق قریشی نے تبادلہ خیال کرتے ہوئے کہا کہ آج کے اجلاس کا مقصد شہر میں جاری ترقیاتی کاموں کا جائزہ لینا اور مستقبل میں شہر کیلئے کچھ ایسے منصوبے پلان کرنا ہے جن میں گوجرانوالہ چیمبر اور ضلعی انتظامیہ کی آپس میں ہم آہنگی ہو۔ انہوں نے کہا کہ جی ٹی روڈ کے دونوں اطراف گرین بیلٹس موجود ہیں ان کو مزید بہتر کرنے جا رہے ہیں اس میں کاروباری حضرات کے تعاون کی ضرورت ہے تاکہ شہر کو سرسبز کیا جا سکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ شہریوں کی سہولت کیلئے جلد بس سروسز کا آغاز کیا جا رہا ہے اس کے علاوہ کھیالی بائی پاس کے قریب ٹوٹ پھوٹ کا شکار روڈ کیلئے فنڈز جاری ہو چکے ہیں جلد یہ روڈ بھی تعمیر ہونے جا رہی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ 76 کینال سرکاری اراضی پر غیر قانونی قبضہ تھا جس کو خالی کرایا گیا ہے اس 76 کینال پر ایکسپو سنٹر یا کوئی اور منصوبہ بنانے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ انہوں نے بزنس کمیونٹی سے کہا کہ ملک کو چلانے کیلئے ضروری ہے کہ زیادہ سے زیادہ سرمایہ کاری کر کے صنعتیں قائم کی جائیں تاکہ روزگار کے مواقع پیدا ہوں۔ نیز شہر میں رجسٹرڈ دینی مدارس میں تقریباً 57 ہزار طلباء زیر تعلیم ہیں ہماری کوشش ہے کہ ٹیوٹا کے ساتھ مل کر ان طلباء کو فنی تعلیم سے آراستہ کیا جائے اس سے نہ صرف گوجرانوالہ کی صنعت کو ہنر مند افرادی قوت ملے گی بلکہ یہی ہنر مند غیر ممالک میں جا کر اپنا بہترین مستقبل بنا سکیں گے۔ شہر میں ناجائز تجاوزات کی بھرمار ہے جلد ہی ناجائز تجاوزات کو ختم کر کے شہر کو کشادہ کیا جائیگا۔

صدر گوجرانوالہ چیمبر ضیاء الحق (شیخ فیصل ایوب) نے کہا کہ ہمارے شہر کی خوش قسمتی ہے کہ یہاں پراگریسو ڈی سی گوجرانوالہ محمد طارق قریشی تعینات ہیں۔ آج کے مشاورتی اجلاس میں شہر کی تعمیر وترقی کیلئے جن منصوبوں پر کام کرنے کیلئے کہا گیا ہے بلاشبہ ان منصوبوں کی تکمیل وقت کی اشد ضرورت ہے انہوں نے مزید کہا کہ ان تمام منصوبوں کیلئے فریم ورک تیار کیا جائے کہ ان منصوبوں کے کیا اخراجات ہیں اور ان منصوبوں کو کتنے وقت میں مکمل کیا جا سکتا ہے۔ گوجرانوالہ پہلے بھی شہر کی تعمیر وترقی اور بزنس کمیونٹی کے مسائل کو حل کرنے میں اپنا کلیدی کردار ادا کر رہا ہے مستقبل میں خدمت کے اس تسلسل کو جاری رکھے گا۔